نیوز ریلیز

# خاندانوں کے لیے چائلڈ کیئر (بچوں کی نگہداشت) کے واسطے یومیہ $15 کا تعارف

30 جنوری 2025 میڈیا کی پوچھ تاچھ

## البرٹا میں کُل وقتی لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر کے لیے والدین کی فیلٹ ماہانہ فیس $326.25 یا لگ بھگ $15 یومیہ مقرر کی گئی ہے۔

$3.8 بلین کے کینیڈا-البرٹا کینیڈا-وائڈ ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئر معاہدہ کے حصے کے طور پر، البرٹا خاندانوں کو اپنی پسند کے فراہم کنندہ کے ساتھ صوبے بھر میں حسب استطاعت بچوں کی دیکھ بھال تک رسائی حاصل کرنے میں تعاون کر رہا ہے۔

1 اپریل سے، پورے صوبے میں کل وقتی لائسنس یافتہ ڈے کیئر سہولیات اور فیملی ڈے ہوم پروگراموں میں شرکت کرنے والے صفر سے کنڈرگارٹن کی عمر کے بچوں کے والدین $326.25 ماہانہ یا تقریبا $15 فی دن والدین کی فلیٹ فیس کے اہل ہوں گے۔ جزوقتی نگہداشت کی ضرورت والے والدین ہر ماہ $230 ادا کریں گے۔

ان تبدیلیوں اور بچوں کی اعلیٰ معیاری نگہداشت کی حمایت کرنے کے لیے، 1 اپریل سے فیس کا نیا ڈھانچہ نافذ ہونے کے بعد تقریبا 85 فیصد لائسنس یافتہ ڈے کیئر فراہم کنندگان کو اضافی فنڈنگ حاصل ہوگا۔

روزانہ، پورے البرٹا میں والدین اور خاندان کام یا اسکول جاتے وقت اپنے بچوں کی نشوونما اور فروغ میں مدد کے لیے لائسنس یافتہ نگہداشت طفل فراہم کنندہ پر منحصر ہیں۔ لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر فراہم کنندہ اور ابتدائے طفولیت کے معلمین بچوں کو ان کی نشوونما اور مجموعی صحت میں مدد کے لیے ضروری اہلیتوں کی تعمیر میں مدد کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ البرٹا کی آبادی بڑھنے کے ساتھ، اعلی معیاری، حسب استطاعت اور قابل رسائی لائسنس یافتہ اور منضبط چائلڈ کیئر کی ضرورت میں اضافہ ہو رہا ہے۔

حالانکہ جنوری 2024 میں البرٹا نے پہلے ہی والدین کی فیس کو اوسطا $15 یومیہ تک کم کردیا ہے، لیکن بہت سے خاندان اپنے رہنے کی جگہ، اپنے بچے کی عمر اور اپنی پسند کے چائلڈ کیئر فراہم کنندہ کے لحاظ سے اب بھی زیادہ ادائیگی کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے عدم استقلال اور الجھن پیدا ہوئی ہے۔ بہت سے خاندانوں کو اپنے چائلڈ کیئر کی فیس کا تخمینہ لگانے میں مشکل پیش آتی ہے اگر وہ فراہم کنندگان کو منتقل یا تبدیل کرتے ہیں، اور فراہم کنندگان نے موجودہ فنڈنگ فریم ورک کی شفافیت اور پیچیدگی کے بارے میں تشویشات کا اظہار کرتے ہیں۔

فلیٹ ماہانہ فیس صوبے کے ہر حصے میں خاندانوں کے لیے شفافیت اور پیشگوئی فراہم کرے گی جبکہ فراہم کنندگان کے لیے شفافیت کو بھی بہتر بنائے گی اور مجموعی طور پر سسٹم کی افادیت میں بھی اضافہ کرے گی۔ خاندانوں کی جانب سے، البرٹا کی حکومت چائلڈ کیئر کی فیس کا لگ بھگ 80 فیصد ڈے کیئر فیسلیٹیز اور فیملی ڈے ہومز کو گرانٹس کے ذریعے پورا کرے گی۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ کُل وقتی ڈے کیئر استعمال کرنے والے خاندان کو ہر سال اوسطا 11,000$ فی بچے کی بچت ہوسکتی ہے۔ والدین کی فلیٹ ماہانہ فیس اس بات کو یقینی بنائے گی کہ چائلڈ کیئر ہر ایک کے لیے حسب استطاعت ہو اور فراہم کنندگان کو ان کی پیش کردہ اہم سروسز کے لیے معاوضہ حاصل ہوتا ہے۔

والدین کی فلیٹ ماہانہ فیس کے برعکس، البرٹا کی حکومت والدین کی جانب سے پری اسکولوں کو 100$ ماہانہ تک کی ادائیگی کرے گی، جو 75$ سے زیادہ ہے۔

"البرٹا کے باشندے حسب استطاعت چائلڈ کیئر کے اختیارات کے مستحق ہیں، خواہ وہ کہیں بھی ہوں یا کسی بھی قسم کی نگہداشت ان کے لیے بہتر ہو۔ ہم خاندانوں کے لیے والدین کی فلیٹ فیس متعارف کروارہے ہیں تاکہ وہ سب ایک ہی حسب استطاعت، متوقع فیس کے ساتھ اعلی معیاری چائلڈ کیئر تک رسائی حاصل کرسکیں۔

*میٹ جونز، وزیر برائے ملازمت، معیشت اور تجارت ( Matt Jones, Minister of Jobs, Economy and (Trade*

"چائلڈ کیئر کی فیس کو کم کرنے سے خاندانوں کی زندگی زیادہ حسب استطاعت ہوجاتی ہے اور وہ آزادانہ طور پر انتخابات کرتے ہیں جو ان کے لیے بہتر طور پر کارآمد ہیں - خواہ وہ کام کر رہے ہوں، تعلیم حاصل کررہے ہوں یا اپنے خاندان کی پرورش کر رہے ہوں۔ ہم یہ یقینی بناتے ہوئے کہ ہر بچے کو زندگی میں بہتر شروعات ملے، لاگتوں کو کم کرنے، زیادہ جگہیں بنانے اور البرٹا اور پورے ملک میں خاندانوں کے لیے فہرست انتظار کو کم کرنے کے لیے کام کرتے رہیں گے۔

*جینا سڈز، وفاقی وزیر برائے خاندان، بچے، اور سماجی ترقی ( Jenna Sudds, federal minister of (Families, Children, and Social Development*

البرٹا کے چائلڈ کیئر کے سسٹم کو تمام خاندانوں کے لیے حسب استطاعت بنانے کے لیے، والدین کی فلیٹ ماہانہ فیس اسکول کے باقاعدہ اوقات کے دوران چائلڈ کیئر میں شامل ہونے والے صفر سے کنڈرگارٹن کی عمر کے بچوں کے لیے چائلڈ کیئر سبسڈی پروگرام کی جگہ لے رہی ہے۔ اسکول سے باہر نگہداشت حاصل کرنے والے بچوں کے لیے سبسڈی میں تبدیلی نہیں ہورہی ہے۔

جیسا کہ صوبہ نئے والدین کی نئی فلیٹ فیس کو اپنا رہا ہے، چائلڈ کیئر فراہم کنندگان کے پاس اضافی والدین کی فیس کے لیے اختیاری سروسز پیش کرنے کی لچک ہوگی۔ یہ اختیاری سروسز ان سروسز کے علاوہ ہونی چاہئیں جو انفرادی چائلڈ کیئر پروگراموں میں تمام بچوں کو فراہم کی جاتی ہیں۔ اختیاری سروسز کے لیے ادائیگی کا انتخاب کرنے والے خاندانوں کے لیے ترجیحی چائلڈ کیئر تک رسائی کو روکنے کے لیے فراہم کنندگان کے واسطے واضح تقاضے موجود ہوں گے۔

## ریڈ ٹیپ کو ختم کرنا اور نگہداش طفل فراہم کنندگان کی مدد کرنا

والدین کی ماہانہ فلیٹ فیس میں منتقلی سے البرٹا کی حکومت بنیادی طور پر عوامی مالی اعانت سے چلنے والے چائلڈ کیئر کے سسٹم کی طرف اپنی منتقلی جاری رکھے ہوئے ہے۔ بچوں کی اعلیٰ معیاری نگہداشت کی حمایت کرنے کے لیے، 1 اپریل سے فیس کا نیا ڈھانچہ نافذ ہونے کے بعد لگ بھگ 85 فیصد لائسنس یافتہ ڈے کیئر فراہم کنندگان کو اضافی فنڈنگ حاصل ہوگا۔

صوبہ البرٹا کے والدین کی جانب سے لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر فراہم کنندگان کو ادائیگی کے لیے چائلڈ کیئر کے دعوے کے عمل کو آسان بنانے کے لیے سسٹم کو بہتر بنانے کا کام کر رہا ہے۔ البرٹا کی حکومت انتظامی بوجھ اور غیر ضروری ضابطوں کو کم کرنے کے لیے تکنیکی حل بھی نافذ کر رہی ہے۔

## آگے دیکھنا

وفاقی معاہدے کے آخری سال کے دوران، البرٹا کی حکومت چائلڈ کیئر کے سسٹم کی حمایت کرنے کے لیے کام کر رہی ہے ساتھ ہی معاہدے کی اگلی مدت پر بات چیت کرنے کی تیاری بھی کر رہی ہے، جس سے البرٹا کے لوگوں اور فراہم کنندگان کی ضروریات کی عکاسی ہو تی ہے۔ البرٹا ملک بھر میں اپنے صوبائی اور علاقائی شراکت داروں کے ساتھ مل کر ایک پائیدار، مناسب مالی اعانت والے سسٹم کا مطالبہ کرتا ہے جو والدین اور فراہم کنندگان کے لیے طویل مدت میں کام کرتا ہے۔

## مختصر حقائق

- کینیڈا-البرٹا کینیڈا وائڈ ارلی لرننگ اینڈ چائلڈ کیئر ایگریمنٹ کے تحت تقاضوں کے مطابق، والدین کی ماہانہ فلیٹ فیس کا اطلاق صرف اسکول کے باقاعدہ اوقات کے دوران نگہداشت کی ضرورت والے صفر سے کنڈرگارٹن کی عمر کے بچوں پر ہوتا ہے۔
- ایک ماہ میں 100 یا اس سے زیادہ گھنٹے شرکت کرنے والے بچوں کو کُل وقتی خیال کیا جاتا ہے اور والدین ماہانہ $326.25 کی ادائیگی کریں گے۔ 50 سے 99 گھنٹوں کے درمیان شرکت کرنے والے بچوں کو جزوقتی خیال کیا جاتا ہے اور والدین ماہانہ $230 ادا کریں گے۔
- ایسے خاندان جن کے بچے دن میں چار گھنٹے تک پری اسکول جاتے ہیں وہ فی ماہ $100 تک کے اہل ہیں۔
- پہلی سے چھٹی گریڈ تک اسکول کے اوقات سے باہر نگہداشت کی ضرورت والے اور کُل وقتی طور پر کنڈرگارٹن جانے والے بچوں کے لیے اسکول سے باہر کی نگہداشت والے چائلڈ کیئر سبسڈی پروگرام میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔
- پروگراموں میں اضافی فیس کے لیے اختیاری سروسز فراہم کرنے کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔ مثالوں میں نقل و حمل، فیلڈ کا سفر اور کھانا شامل ہوسکتا ہے۔ چائلڈ کیئر پروگراموں کے لیے والدین سے اضافی تکملاتی فیس وصول کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## متعلقہ معلومات

- وفاقی-صوبائی چائلڈ کیئر معاہدہ

## متعلقہ خبریں

- البرٹا چائلڈ کیئر کے تحفظ کو تقویت دیتا ہے (30 اکتوبر 2024)

## میڈیا کی پوچھ تاچھ

مریسا بریز (**Marisa Breeze**)

780-235-4427

Press Secretary, Jobs, Economy and Trade